پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	مارچ 2023

پرچہ : اردو کی تدریس

Paper - B9ED111DST : Pedagogy of Urdu - I

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. "ہندوستانی لسانیات کا خاکہ" کے مصنف ہیں؟

(a) غالب (b) سید احتشام حسین (c) نظیر احمد (d) حالی

ii. 'مخصوص جغرافیائی حدود میں بغیر اصول و قواعد کے عوامی ذریعہ اظہار کے لئے استعمال کئے جانے والی بھاشا' کہلاتی ہے؟

(a) بولی (b) زبان (c) جملہ (d) مادری زبان

iii. "سب رس" کس کی تخلیق ہے؟

(a) ملا وجہی (b) مولانا آزاد (c) سرسید (d) ولی دکنی

iv. رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

v. تدریس کا وہ طریقہ کار جس میں مثالوں کا تجزیہ کر کے براہ راست کوئی اصول اخذ کیا جائے، کہلاتا ہے؟

(a) گروہی طریقہ (b) منصوبائی طریقہ (c) استخراجی طریقہ (d) استقرائی طریقہ

vi. تدریس ہدایتی عمل کا ایک مقصد ہے۔ کس نے کہا؟

(a) کلارک (b) اسکینر (c) اسمتھ (d) سمپسن

vii. زبان کی تدریس کے لئے بنیادی طور پر کتنے مہارتوں کا ہونا ضروری ہیں؟

(a) تین (b) چار (c) چھ (d) سات

viii. خرد تدریس کا حصہ نہیں ہے؟

(a) منصوبہ (b) تدریس (c) مطالعہ (d) بازرسانی

ix. ذیل میں کون بنجامین بلوم کے تین تعلیمی مقاصد کا حصہ نہیں ہے؟

(a) وقوفی میدان (b) اخلاقی میدان (c) تاثراتی میدان (d) نفسی حرکی میدان

x. منصوبہ سبق کے مطابق طلباء کو 'گھر کا کام' کب دیا جاتا ہے؟

(a) درمیان تدریس (b) ابتدا میں (c) کبھی بھی (d) سبق ختم ہونے پر

حصہ دوم

2. تعلیم میں مادری زبان کی اہمیت وافادیت پر اظہار خیال کیجیے۔

3. ہندوستانی آئین میں اردو زبان کا مقام ومرتبہ پر روشنی ڈالیے۔

4. اردو میں نثر و نظم کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔

5. ناول کے اجزائے ترکیبی کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

6. تدریس کے عام اصولوں کو تحریر کیجیے۔

7. اردو بولنے کی مہارت کو فروغ دینے والے مختلف سرگرمیوں پر روشنی ڈالیے۔

8. ثانوی سطح پر تدریس قواعد کے اہم مقاصد کو قلم بند کیجیے۔

9. خرد تدریس کی کسی دو مہارتوں پر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10. زبان اور مادری زبان کے درمیان فرق کو واضح کرتے ہوئے زبان کے مختلف افعال کو لکھیے۔

11. اردو زبان کے آغاز وارتقاء کے سلسلے میں محمد حسین آزاد اور محمود شیرانی کے نظریات کو بیان کریں کیجیے۔

12. تدریس کے مفہوم واہمیت کو بیان کرتے ہوئے ثانوی سطح پر استعمال ہونے والے کسی پانچ طریقہ تدریس کو تفصیل سے لکھیے۔

13. زبان کی بنیادی مہارتوں کو فروغ دینے کے کون کون تدریسی طریقے ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

14. تدریس کے مفہوم کو واضح کرتے ہوئے بلوم کے پیش کردہ تدریسی مقاصد اور ان کی درجہ بندی کو تفصیل سے لکھیے۔

☆☆☆